# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

06اکتوبر2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس
- سائفر مقدمے سمیت چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کیخلاف جعلی اور من گھڑت مقدمات کی مختلف عدالتوں میں جاری سماعت کے حوالے سے اہم امور پر غور
- عدالتِ عظمیٰ سے جھوٹے مقدمات اور ناقص ٹرائلز کے ذریعے چیئرمین عمران خان کو فیئر ٹرائل کے بنیادی حق سے محروم کرنے کی کوششوں کے فوری نوٹس کی استدعا
- چیئرمین عمران خان کو خالصتاً سیاسی بنیادوں پر انتقام کا نشانہ بنائے جانے اور غیر معمولی عوامی مقبولیت کے باعث غیر قانونی وغیر جمہوری طریقوں سے انتخاب سے باہر کرنے کی کوششوں کے فوری نوٹس کا بھی مطالبہ
- چیئرمین عمران خان کو نہایت بھونڈے اور من گھرٹ مقدمات میں قانون کیخلاف عدالت فیصلے کا انتظار کیئے بغیر نہایت عجلت میں نشانہ بنایا جارہاہے۔
- توشہ خانہ کے بعد کسی دوسرے مقدمے میں انصاف کے قتل کو قوم کسی طور قبول نہیں کرے گی۔
- عدالتِ عظمیٰ سے آئین کی منشاء کے مطابق نوّے روز میں عام انتخابات کے انعقاد کی درخواستوں کی فوری سماعت و فیصلے کی بھی استدعا

- الیکشن کمیشن پنجاب اور پختونخوا میں انتخابات کے باب میں ایک مرتبہ دستور سے مجرمانہ انحراف کر چکا ہے۔
- عمران خان اور تحریک انصاف کی عوام میں مقبولیت کے پیشِ نظر ایک مرتبہ پھر انتخاب کو نوّے روز کی آئینی مدت میں نہ کروا کر آئین توڑنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔
- سپریم کورٹ آئین کی حفاظت کا دستوری تقاضا نبھاتے ہوئے مداخلت کرے اور الیکشن کمیشن اور نگران سرکار کو آئینی مدت میں انتخابات کے انعقاد کا پابند کرے۔
- سپریم کورٹ نگران حکومت کو نجکاری سمیت اس کے دائرہ اختیار سے باہر تمام امور سے گریز کرنے اور نوّے روز میں انتخاب کے ذریعے اقتدار عوام کی منتخب قیادت کے سپرد کرنے کا پابند بنائے۔
- پاکستان کی معاشی ترقی سیاسی استحکام سے وابستہ ہے جس کے حصول کی صلاحیت مینڈیٹ کی حامل منتخب حکومت ہی کے پاس ہو گی۔
- انتخابات کو التواء میں ڈالنا اور غیر منتخب حکومت کے ذریعے قومی فیصلہ سازی پر اصرار معاشی و سیاسی عدمِ استحکام میں شدت کا موجب بنے گا۔
- اجلاس میں مرکزی رہنما عثمان ڈار کے حالیہ انٹرویو، اس کے مندرجات اور پس منظر کا بھی مفصل جائزہ
- ریاستی مشینری کی جانب سے سیاسی زعماء کو طاقت کے وحشیانہ استعمال سے اغواء کرنے اور جبر و تشدد سے اپنی مرضی کے بیانات اگلوانے کی کوئی نظیر ہماری تاریخ میں نہیں ملتی۔

- جبر و وحشت کا یہ سلسلہ یقیناً ناکامی سے دوچار ہو گا اور حق اور سچ ہی غالب آئیں گے، ان شاء اللہ۔
- عدالتِ عظمیٰ سے انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیوں کا سلسلہ روک کر شہریوں کے بنیادی دستوری حقوق بحال کرنے کی استدعا
- کور کمیٹی کا دیگر اغواء کنندگان اور جبری طور پر لاپتہ کئے گئے ذمہ داران کی فوری رہائی کا بھی مطالبہ
- اجلاس میں تحریک انصاف کی سیاسی حکمت پر بھی غور کیا گیا اور اہم فیصلے کئے گئے

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ